SHB

17-06-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسعد اللہ

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج شام کینیڈا کے شہر Kananaskis میں جی-7 سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ اِس موقع پر وہ کئی دوطرفہ میٹنگیں بھی کریں گے۔

2 حکومت ملک کے مختلف حصوں بالخصوص پسماندہ اور قبائلی علاقوں میں دو ہزار ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول کھولے گی۔

3 مالیاتی ایکشن ٹاسک فورس نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ حملہ مالی مدد کے بغیر نہیں ہو سکتا تھا۔

4 امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران اور اسرائیل کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر سبھی سے فوری طور پر تہران کو خالی کرنے کے لئے کہا ہے۔

5 اور FIH ہاکی پرو لیگ میں آج لندن میں بھارتی خواتین ٹیم کا سامنا ارجنٹینا سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM - Canada

وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح کینیڈا کے شہر Calgary پہنچے۔ ہوائی اڈے پر پہنچنے پر اُن کا شاندار استقبال کیا گیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی آج شام کینیڈا کے شہر Kananaskis میں جی-7 سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ جی-7 سربراہ کانفرنس میں یہ وزیر اعظم کی لگاتار چھٹی شرکت ہوگی۔ کینیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی کی دعوت پر کینیڈا کے دو روزہ دورے کے دوران جناب مودی سربراہ کانفرنس کے موقع پر کئی دو طرفہ میٹنگیں کریں گے۔ وزیر اعظم اہم عالمی مسائل پر جی-7 ممالک کے رہنماؤں، دیگر مدعو ملکوں اور بین الاقوامی تنظیموں کے سربراہان کے ساتھ تبادلۂ خیال کریں گے۔
اِن میں توانائی کی یقینی فراہمی، ٹیکنالوجی اور اختراعات، خاص طور پر اے آئی-توانائی رابطہ اور کوانٹم سے متعلقہ مسائل شامل ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

*VC - Suparna*

سات ملکوں کا گروپ جی-7 دنیا کی سات ترقی یافتہ معیشتوں - فرانس، امریکہ، برطانیہ، جرمنی، جاپان،اٹلی، کینیڈا اور یورپی یونین کا ایک غیر رسمی گروپ ہے۔ اس کے اراکین ہر سال جی-7 سربراہ کانفرنس میں عالمی اقتصادی اور جغرافیائی و سیاسی مسائل پر تبادلۂ خیال کرنے کے لیے میٹنگ کرتے ہیں۔ اس سال جی-7 سربراہ کانفرنس کے توجہ کے حامل شعبوں میں توانائی کی یقینی فراہمی، ڈیجیٹل منتقلی کو تیز کرنے اور مستقبل کی شراکت داری کو محفوظ بنانے سمیت کمیونٹیز اور دنیا کی حفاظت شامل ہے۔ پچھلے کچھ برسوں میں جی-7 سربراہ کانفرنس کے آؤٹ ریچ سیشن میں بھارت کو باقاعدگی کے ساتھ مدعو کیا جاتا رہا ہے۔گزشتہ جی-7 سربراہ کانفرنسوں میں بھارت نے عالمی خطۂ جنوب کے مسائل کو ہمیشہ سامنے لایا ہے۔

پچھلے سال وزیر اعظم مودی جی-7 سربراہ کانفرنس میں مصنوعی ذہانت، توانائی افریقہ اور بحیرۂ روم جیسے اہم موضوعات پر بات چیت کرنے کے لئے دیگر مدعو ممالک کے ساتھ شامل ہوئے تھے۔

سپرنا سائکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں محمد عمار۔

Yoga - Croatia

یوگا کروشیا میں بہت تیزی کے ساتھ مقبولیت حاصل کررہا ہے اور لوگوں کی روز مرہ کی زندگی کا حصہ بنتا جارہا ہے، جہاں وزیر اعظم نریندر مودی کل دو طرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے کیلئے دورہ کررہے ہیں۔ جناب مودی اپنے تین ملکوں کے دورے کے تیسرے اور آخری مرحلے میں کل دوپہر راجدھانی Zagreb پہنچیں گے، جو کسی بھی بھارتی وزیر اعظم کا اس وسطی اور جنوب مشرقی یوروپی ملک کا پہلا دورہ ہوگا۔ Zagreb بھارتی وزیر اعظم کے استقبال کیلئے تیار ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

*V/C - Sanjio Singh*

راجدھانی Zagreb، بین الاقوامی یومِ یوگا اور وزیر اعظم نریندر مودی کے دورے، دونوں کیلئے پرجوش ہے۔ یوگا کی کروشیا میں گہری جڑیں پائی جاتی ہیں۔ پورے ملک بھر میں بہت سے تصدیق شدہ اسکول آسن، پرانا یام اور مراقبے کی تربیت فراہم کرتے ہیں۔ Zagreb میں یوگا انسٹرکٹر میں سے ایک، سوامی وویک پوری نے کہا ہے کہ بین الاقوامی یوگا ڈے کے آغاز کے بعد سے ہر سال زیادہ سے زیادہ لوگ یوگا کی طرف مائل ہورہے ہیں۔

Zagreb، کروشیا سے سنجیو سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں حبیب الرحمٰن۔

Gadkari - Road

حکومت نے ملک کے مختلف حصوں میں دو ہزار ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نئی دلی میں کَل ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا کہ یہ ٹریننگ اسکول ملک کے پسماندہ اور قبائلی علاقوں میں کھولے جائیں گے جس سے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں تقریباً 22 لاکھ ڈرائیوروں کی کمی ہے۔ یہ ٹریننگ اسکول ہنر مند ڈرائیوروں کی کمی کو پورا کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔

*SB - Nitin Gadkari*

جناب گڈکری نے مزید کہا کہ اُن کی وزارت نے سڑک حادثات کو کم کرنے کیلئے کئی اقدامات کیے ہیں اور لوگوں سے ٹریفک قوانین پر عمل کرنے کی بھی اپیل کی ہے۔x

FATF - Pahalgam

مالیاتی ایکشن ٹاسک فورس FATF نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ حملہ مالی مدد کے بغیر نہیں انجام دیا جاسکتا تھا۔ عالمی نگراں ادارے نے ایک بیان میں کہا کہ دہشت گردوں کے حامیوں کے درمیان رقوم منتقل کرنے کے ذرائع اور پیسے کے بغیر پہلگام حملہ اور دیگر حالیہ حملے نہیں ہوسکتے تھے۔ FATFنے اپنے عالمی نیٹ ورک کے اندر آنے والے 200 سے زیادہ اداروں کو دہشت گردی کی مالی معاونت کے خلاف اقدامات کرنے اور ان میں اضافہ کرنے کی اپنی حمایت کا اعادہ کیا ہے۔ یہ جلد ہی دہشت گردوں کی مالی معاونت کا ایک جامع تجزیہ جاری کرے گا، جو عالمی نیٹ ورک کی طرف سے فراہم کردہ مقدمات کو مرتب کرے گا۔

FATF کی صدر Elisa De Anda Madrazo نے حال ہی میں اس بات پر زور دیا تھا کہ کوئی ایک کمپنی، اتھارٹی یا ملک اکیلے دہشت گردی کے چیلنج کا مقابلہ نہیں کر سکتا اور عالمی سطح پر دہشت گردی کی لعنت کے خلاف پوری دنیا کو متحد ہونا چاہیے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Trump - Tehran

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران اور اسرائیل کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے درمیان ہر ایک سے فوری طور پر تہران کو خالی کرنے کی اپیل کی ہے، تاہم صدر ٹرمپ نے اِس کی وضاحت نہیں کی ہے۔ ایران کی راجدھانی تہران میں تقریباً ایک کروڑ افراد رہائش پذیر ہیں۔ ٹرمپ نے Truth سوشل پر لکھا کہ ایران نیوکلیائی اسلحہ نہیں رکھ سکتا۔ وائٹ ہاؤس کے ایک اہلکار نے کہا کہ صدر ٹرمپ کی جانب سے ایرانیوں کو فوری طور پر تہران سے نکل جانے کا مطالبہ ایران کے لیے سفارتی مذاکرات میں داخل ہونے کی فوری ضرورت کو ظاہر کرتا ہے۔ وہائٹ ہاؤس نے اعلان کیا ہے کہ ایران اور اسرائیل کے درمیان بڑھتے ہوئے تنازعے کے سبب امریکی صدر جی 7 سربراہ کانفرنس کے سلسلے میں کینیڈا کا اپنا دورہ مختصر کردیں گے۔

اِس دوران اقوام متحدہ کے جوہری نگراں ادارے کے سربراہ نے ایران کی یورینئم افزودگی کی سب سے بڑی تنصیب کو بڑا نقصان پہنچانے کی تصدیق کی ہے۔

ایران نے امریکہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری مداخلت کرے اور اسرائیل کے فضائی حملوں کو ختم کرنے میں مدد کرے، جو کہ گزشتہ چند دنوں کے دوران کافی بڑھ گئے ہیں۔x

Iran-Israel Conflict

ایران کے قومی نشریاتی ادارے اسلامک ریپبلک آف ایران براڈکاسٹنگ IRIB، اسرائیل کے براہ راست حملے کی زد میں آیا ہے۔ اسرائیلی فوجی حکام نے اِسے اسرائیلی بنیادی ڈھانچے پر حملے کا بدلہ قرار دیا ہے۔ آئی آر آئی بی پر حملہ دونوں طرف سے سویلین بنیادی ڈھانچہ کو نشانہ بنانے میں نمایاں اضافے کو ظاہر کرتا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

*V/C - Vinod Kumar*

*ایرانی میزائلوں نے پیر کے روز اسرائیل کے تل ابیب اور بندرگاہی شہر حیفہ پر حملہ کیا، جس سے مکانات تباہ ہوگئے اور عام شہری مارے گئے۔ دونوں ممالک کے درمیان جنگ لگاتار چار روز سے جاری ہے۔ اسرائیل نے براہ راست نشریات کے دوران آئی آر آئی بی ٹیلی ویژن کی سہولت سمیت تہران میں واقع ایرانی سرکاری میڈیا کمپنیوں کی عمارتوں کو نشانہ بنایا۔ دونوں ملکوں کے درمیان کشیدگی میں اضافے نے خلیجی ملکوں کی جانب سے فوری سفارتی کوششوں کو فروغ دیا ہے اور جی- 7 سربراہ کانفرنس کے دوران عالمی رہنماؤں کے ذریعے وسیع تر علاقائی تنازعے کے امکان کے بارے میں تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔*

*ایران نے قطر، سعودی عرب اور عمان تک پہنچ کر ثالثی کرنے والے اِن خلیجی ثالثی ملکوں سے کہا ہے کہ وہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر دباؤ ڈالیں کہ وہ اسرائیل پر اپنے اثر و رسوخ کا استعمال کرتے ہوئے نیوکلیائی مذاکرات میں ایران کی جانب سے نرمی کے بدلے فوری جنگ بندی پر آمادہ کریں۔ خلیجی رہنما اور ان کے اعلیٰ سفارت کار تہران، واشنگٹن اور دیگر ملکوں کے ساتھ مسلسل رابطے کو برقرار رکھتے ہوئے پوری شدت سے کام کر رہے ہیں تاکہ مغربی ایشیا میں دیرینہ حریفوں کے درمیان سب سے سنگین براہ راست ٹکراؤ کو وسیع تر ہونے سے روکا جا سکے۔*

*ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لئے میں حبیب الرحمٰن۔*

یہ سفارتی دباؤ اس وقت سامنے آیا ہے جب دونوں ممالک نے گزشتہ چار دنوں میں ایک دوسرے کے فوجی، نیوکلیائی اور سویلین بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بناتے ہوئے میزائل اور ڈرون حملوں کا سلسلہ شروع کیا ہے۔

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو نے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کو نشانہ بنانے کو مسترد نہیں کیا ہے اور کہا ہے کہ اس طرح کے اقدام سے دونوں ممالک کے درمیان تنازعہ ختم ہو جائے گا۔ تاہم ایک امریکی فوجی افسر کے مطابق صدر ٹرمپ نے پہلے ہی ایران کے سپریم لیڈر کو قتل کرنے کے اسرائیل کے منصوبے کو مسترد کر دیاہے۔ اسرائیلی فوج نے حملہ کرنے سے قبل راجدھانی کے متاثرہ علاقوں میں عام شہریوں اور ورکروں کو وہاں سے نکل جانے کی وارننگ دی ہے۔

کینیڈا میں جی-7 سربراہ کانفرنس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے ایران پر زور دیا کہ وہ اسرائیل کے ساتھ تنازعہ ختم کرنے کیلئے نیوکلیائی پروگرام کے بارے میں بات چیت کیلئے واپس آئے۔

انہوں نے کہا کہ ایران کو بات چیت کرنی چاہیے اور اسے فوراً بات چیت کرنی چاہیے، اس سے پہلے کہ بہت دیر ہو جائے۔ امریکہ نے موجودہ تنازعے میں اسرائیل کو براہ راست فوجی مدد فراہم نہیں کی ہے، البتہ ٹرمپ نے مستقبل میں ممکنہ شمولیت کا اشارہ دیا ہے۔ ایران نے اسرائیل کے حملے بند ہونے کی صورت میں جوہری مذاکرات میں واپسی پر اپنی آمادگی کا عندیہ دیا ہے، تاہم دونوں ممالک اپنے اپنے موقف پر ڈٹے ہوئے ہیں، اسرائیلی شہری ہوا بازی اتھارٹی نے بڑے شہروں پر فضائی حدود مکمل طور پر بند کرنے کا اعلان کیا ہے، جبکہ ایران نے اسی طرح تہران اور دیگر بڑے آبادی کے مراکز پر شہری پروازوں پر پابندی عائد کر دی ہے۔x

MEA - Control Room

ایران اور اسرائیل میں موجودہ حالات و واقعات کے تناظر میں وزارت خارجہ نے صورتحال کی نگرانی کرنے اور بھارتی شہریوں کو مدد فراہم کرنے کیلئے چوبیس گھنٹے ساتوں دن کام کرنے والا ایک کنٹرول روم قائم کیا ہے۔ وزارت خارجہ نے مدد کے خواہاں افراد کیلئے کئی ہیلپ لائن نمبرس جاری کئے ہیں۔ اِن میں ٹال فری نمبر ہے

ایک آٹھ، صفر صفر، ایک ایک آٹھ، سات نو سات
کے ساتھ ساتھ تین لینڈ لائن نمبر
پلس نو ایک، ایک ایک، دو تین، صفر ایک، دو ایک ایک تین
پلس نو ایک، ایک ایک، دو تین، صفر ایک، چار ایک، صفر چار اور
پلس نو ایک، ایک ایک، دو تین صفر ایک، سات نو، صفر پانچ۔
اِس کے لئے ایک مخصوص وہاٹس ایپ نمبر
پلس نو ایک، نو نو، چھ آٹھ، دو نو، ایک نو، آٹھ آٹھ

بھی دستیاب کرایا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ ای میل رابطہ situationroom@mea.gov.in بھی مہیا کرایا گیا ہے۔x

UK Gangs

برطانیہ نے پاکستانی نژاد Gromming Gang کی جانب سے بچوں کے جنسی استحصال کی قومی تحقیقات کا اعلان کیا ہے۔ برطانیہ کے داخلہ سکریٹری Yvette Cooper نے پارلیمنٹ کو ایک آڈٹ کے نتائج سے آگاہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس معاملے میں پاکستانی ہیریٹیج گینگ کے ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ گروپ پر مبنی بچوں کے جنسی استحصال سے متعلق اس آڈٹ کی قیادت Baroness Louise Casey نے کی۔

پیش ہے ایک رپورٹ

*V/C - News Desk*

*آڈٹ نے نوجوان سفید فام لڑکیوں کے ساتھ جنسی زیادتی میں پاکستان نژاد مردوں کے کردار کو حل کرنے میں مسلسل ناکامی کا انکشاف کیا ہے۔ آڈٹ میں مشتبہ*

افراد میں پاکستانی مردوں کے ملوث ہونے کا انکشاف کیا گیا ہے۔ اس نے اداروں پر بھی تنقید کی ہے کہ وہ نسل پرستی کے بارے میں بات چیت سے گریز کرتے ہیں۔
برطانیہ کے داخلہ سکریٹری نے زور دے کر کہا ہے کہ اس طرح کی خاموشی صرف غلط فہمی کو ہوا دیتی ہے اور نقصان دہ بیانیے کو تقویت دیتی ہے۔
انھوں نے مزید کہا ہے کہ عصمت دری کے قوانین کو سخت کیا جائے گا۔ اس سے قبل برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer نے Baroness Casey کی طرف سے پیش کی گئی تمام سفارشات کو نافذ کرنے کا وعدہ کیا ہے۔
آکاشوانی نیوز ڈیسک سے خبرنامے کیلئے میں محمد عمار۔

India Cyprus

بھارت اور قبرص نے دہشت گردی اور تشدد پسندی کی تمام شکلوں کی مذمت کی ہے اور امن اور استحکام کو غیر مستحکم کرنے والے ہائبرڈ خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا ہے۔ دونوں ممالک نے تمام ملکوں پر دیگر اقوام کی خودمختاری کا احترام کرنے، دہشت گردی کی مالی معاونت کے نیٹ ورکس میں خلل ڈالنے، دہشت گردوں کے بنیادی ڈھانچے کو ختم کرنے کے لیے محفوظ پناہ گاہوں کے خاتمے اور دہشت گردی کے مرتکب افراد کو جلد از جلد انصاف کے کٹہرے میں لانے پر زور دیا۔ نیکوسیا میں وزیر اعظم نریندر مودی اور قبرص کے صدر نیکوس کرسٹوڈولائڈس کے درمیان وفود سطح کی بات چیت کے بعد جاری ہونے والے مشترکہ اعلامیے میں، دونوں ممالک نے سرحد پار دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے ایک جامع، مربوط اور پائیدار نقطہ نظر کی ضرورت پر زور دیا۔
کل نیکوسیا کے صدارتی محل میں صدر نکوس چسٹوڈولائڈس کے ساتھ میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے، جناب مودی نے یورپی یونین کی آئندہ صدارت کے لیے قبرص کو نیک خواہشات کا اظہار کیا اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں بھارت کی مستقل رکنیت کے لیے اس کی مسلسل حمایت کا خیرمقدم کیا۔ وزیر اعظم نے سرحد پار دہشت گردی کے خلاف بھارت کی لڑائی میں سائپرس کی حمایت کے لیے بھی شکریہ ادا کیا۔

*SB - PM Modi Cyprus On Cross Border Teeerorism*

Gujrat DNA Test

گجرات کے وزیر صحت روشی کیش پٹیل نے اعلان کیا ہے کہ کل رات تک احمد آباد طیارہ حادثے میں ہلاک ہونے والے 125 متاثرین کی شناخت DNA ٹسٹ کے ذریعہ کرلی گئی ہے۔ ان میں سے 83 کو پہلے ہی متاثرین کے اہل خانہ کے حوالے کیا جاچکا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر صحت نے کہا کہ باقی ماندہ لاشوں کو ضروری شناختی پروٹوکول مکمل ہونے کے بعد جلد ہی لواحقین کے حوالے کیا جائے گا۔
اس دوران سابق وزیر اعلیٰ وجے روپانی کی آخری رسومات کل شام راجکوٹ میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کردی گئیں، جو اس طیارہ حادثے کا شکار ہوگئے تھے۔×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات، IMD نے جمعرات تک کرناٹک، کونکن، گوا کے الگ الگ مقامات پر شدید بارش کی پیشگوئی

کی ہے۔ کیرالہ، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، مہاراشٹر، اوڈیشہ، چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، اتراکھنڈ اور شمال مشرقی ریاستوں کے کچھ حصوں میں بھی اگلے دو سے تین دنوں کے دوران شدید سے بہت شدید بارش کی توقع ہے۔

IMD نے مزید پیشگوئی کی ہے کہ دلّی-این سی آر کے ساتھ ساتھ ہریانہ، پنجاب اور اترپردیش میں جمعہ تک گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے۔×

Karnataka Rain

کرناٹک کے مختلف اضلاع خاص طور پر ساحلی علاقوں میں شدید بارش کی وجہ سے 3 افراد کے ہلاک ہونے کی خبر ملی ہے۔ جبکہ ٹریفک، بجلی کی فراہمی اور گھروں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ موسلادھار بارش کی وجہ سے مختلف جگہوں پر مٹی کے تودے گرے۔ اُتّر کنڑا میں پچھلے دو دنوں میں کم از کم 5 لینڈ سلائڈ کی اطلاع ملی ہے۔ ڈیموں میں پانی کی سطح میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ راجدھانی بنگلور میں ہلکی بارش ہورہی ہے۔×

FIH Womens Hockey

FIH پرو ہاکی لیگ میں آج لندن میں Lee Valley ہاکی اور ٹینس سینٹر میں بھارتی خواتین ٹیم کا سامنا ارجنٹینا سے ہوگا۔ آسٹریلیا کے خلاف معمولی فرق سے ہارنے کے بعد بھارتی ٹیم عالمی نمبر دو ارجنٹینا کے خلاف شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنا چاہے گی۔

اب تک کا پہلا ہاکی انڈیا ماسٹرس کپ 2025 خواتین کل سے چنئی میں شروع ہوگا۔ دس روزہ ٹورنامنٹ میں 8 ٹیمیں حصہ لیں گی۔ یہ ٹورنامنٹ آئندہ 27 جون کو اختتام پذیر ہوگا۔ کل افتتاحی میچ میں صبح 6 بجے ہماچل پردیش اور مہاراشٹر کا مقابلہ ہوگا۔

یہ تھی خبریں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: حبیب الرحمٰن

شکریہ - اسعد اللہ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اردو اخبارات نے وزیر اعظم نریندر مودی کو قبرص کے اعلیٰ ترین اعزاز سے سرفراز کئے جانے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

بھارت اور قبرص کے مابین اسٹریٹجک شراکت داری کیلئے روڈ میپ جلد تیار کئے جانے کی خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا، انقلاب، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس نے نمایاں طور پر صفحہ اوّل پر جگہ دی ہے۔ روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: وزیر اعظم مودی نے سرحد پار دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بھارت کی حمایت کرنے پر قبرص کا شکریہ ادا کیا۔

مردم شماری کیلئے نوٹیفکیشن جاری: روزنامہ راشٹریہ سہارا نے اس خبر کو اہمیت کے ساتھ صفحہ اوّل پر شائع کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے: دو مرحلوں میں مکمل ہوگا پورا عمل۔ پہلا مرحلہ یکم اکتوبر 2026 اور دوسرا مرحلہ یکم مارچ 2027 سے شروع ہوگا۔

روزنامہ پرتاپ نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے اس بیان کو اہمیت کے ساتھ صفحہ اوّل پر شائع کیا ہے کہ جموں و کشمیر کی سرزمین سے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ ہماری اوّلین ترجیح ہے۔

عالمی خبروں کے صفحے پر اسرائیل-ایران جنگ سے متعلق خبروں کو سبھی اخبارات نے نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

کھیل کی خبروں میں خواتین کے یک روزہ عالمی کپ کا شیڈول جاری کئے جانے کی خبر کو اخباروں نے اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔ انقلاب لکھتا ہے: بھارتی ٹیم 30 ستمبر کو سری لنکا کے خلاف مہم کا آغاز کرے گی۔ بھارت-پاکستان 6 اکتوبر کو ہوں گے آمنے سامنے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی آج شام کینیڈا کے شہر Kananaskis میں جی-7 سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ اِس موقع پر وہ کئی دوطرفہ میٹنگیں بھی کریں گے۔

2 حکومت ملک کے مختلف حصوں بالخصوص پسماندہ اور قبائلی علاقوں میں دو ہزار ڈرائیونگ ٹریننگ اسکول کھولے گی۔

3 مالیاتی ایکشن ٹاسک فورس نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ حملہ مالی مدد کے بغیر نہیں ہو سکتا تھا۔

4 امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران اور اسرائیل کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر سبھی سے فوری طور پر تہران کو خالی کرنے کے لئے کہا ہے۔

5 اور FIH ہاکی پرو لیگ میں آج لندن میں بھارتی خواتین ٹیم کا سامنا ارجنٹینا سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------